Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

تَرْجَمَةُ الْقُرْاٰنِ الْمَجِيْد

جماعت نہم

LAST HOPE STUDY

سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ

Download All Subjects Notes from website www.lasthopestudy.com

مشق

Web Version of PCTB Textbook Not For Sale

1 درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

i عنکبوت کا معنی ہے:
(الف) چیونٹی (ب) شہد کی مکھی (ج) مکڑی (د) مچھر

ii سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ میں مسلمانوں کو ہدایت کی گئی:
(الف) اللہ تعالیٰ سے تعلق مضبوط کرنے کی (ب) جدو جہد کی
(ج) صبر کرنے کی (د) ان تینوں کاموں کی

iii مکڑی کے جالے پر اعتماد کرنے والوں سے تشبیہ دی گئی ہے:
(الف) یہودیوں کو (ب) بے عمل عالموں کو
(ج) مشرکین کو (د) غیبت کرنے والوں کو

iv اپنی قوم کو ساڑھے نو سو سال تبلیغ کی:
(الف) حضرت آدم عَلَيْهِ السَّلَام نے (ب) حضرت نوح عَلَيْهِ السَّلَام نے
(ج) حضرت لوط عَلَيْهِ السَّلَام نے (د) حضرت ھود عَلَيْهِ السَّلَام نے

v اللہ تعالیٰ رازق ہے:
(الف) انسانوں کا (ب) جانوروں کا
(ج) پرندوں کا (د) تمام مخلوقات کا

2 مختصر جواب دیجیے۔

i سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ کو یہ نام کیوں دیا گیا؟

ii سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ کا خلاصہ لکھیے۔

iii سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ کے اہم علمی و عملی نکات میں سے دو تحریر کیجیے۔

Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study

Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

جوابات

(i) سُوْرَۃُ الْعَنْکَبُوْتِ کو یہ نام کیوں دیا گیا؟

جواب: اس سورت کی آیت اکتالیس (41) میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ مشرکین کی مثال ایسی ہے جیسے کسی نے مکڑی کے جالے پر بھروسا کر رکھا ہو۔ اسی لیے اس سورت کا نام سُوْرَۃُ الْعَنْکَبُوْتِ ہے۔

(ii) سُوْرَۃُ الْعَنْکَبُوْتِ کا خلاصہ لکھیے۔

جواب: سُوْرَۃُ الْعَنْکَبُوْتِ کا خلاصہ ”کافروں کا ظلم سہنے والے مظلوم مسلمانوں کو تسلی دینا“ ہے۔

(iii) سُوْرَۃُ الْعَنْکَبُوْتِ کے اہم علمی و عملی نکات میں سے دو تحریر کیجیے۔

جواب: **سُوْرَۃُ الْعَنْکَبُوْتِ کے دو اہم علمی و عملی نکات:**

- ☆ ہمیں یہ خیال نہیں کرنا چاہیے کہ صرف زبانی ایمان کا دعویٰ کرنے پر ہم چھوڑ دیے جائیں گے، بلکہ اللہ تعالیٰ ہمیں آزمائے گا اور سچے اور جھوٹے لوگوں کو الگ الگ کر کے رہے گا۔
- ☆ جو دین کے کام کے لیے جدوجہد کرتا ہے تو اپنے ہی بھلے یعنی اجر و ثواب کے لیے کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کو ہماری عبادت کی کوئی حاجت نہیں۔

LAST HOPE STUDY

Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study